15/05/2026

12:30 /PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازا اختر

مودی

وزیر اعظم نریندر مو دی آج صبح5ملکوں متحد عرب امارات، نیدر لینڈس، سویڈن، ناروے اور اٹلی کے6روزہ دورے پر روانہ ہوئے۔ دورے کے پہلے مرحلے میں وہ آج متحدہ عرب امارات پہنچ رہے ہیں جہاں وہ صدر شیخ محمد بن زائد النہان کے ساتھ ملاقات کریں گے۔

دونوں رہنما مختلف شعبوں میں شراکت داری کو آگے بڑھانے کے ساتھ ساتھ کئی علاقائی اور بین الاقوامی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔

NEET

کا امتحان دوبارہ سے21جون کو NEET-UG-2026 نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے اعلان کیا ہے کہ نے اُمید واروں اور والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ NTAلیا جائے گا۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں کی سرکاری چینلز پر ہی بھروصہ کرے۔NTA صرف

واضح رہے کہ رواں مہینے کی3تاریخ کو لئے گئے اس امتحانات کو مبینہ پیپر لیک کی شکایات اس معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے-CBIملنے کے بعد رد کیا گیا تھا اور اب

گذشتہ رات مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھا ن کی رہائش گاہ پر ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ امتحانات کے سلسلے میں تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔NEET منعقد ہوئی جس میں آنے والے

تیل اضافہ

تیل کمپنیوں نے عالمی سطح پر خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کے چلتے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتونمیں تین روپے فی لیٹر اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

LGگاتھا

پر SM Hillلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل کپواڑہ ضلع کے ٹنگڈار کرناہ میں

---

ٹور ازم کو فروغ دینے کے Battle Field ©”شوریہ گاتھا“ کمپلیکس کا افتتاح کیا۔ اس کا مقصد ساتھ ساتھ ثقافتی ورثے کو تحفظ دینا اور اس سرحدی علاقے کی ترقی کویقینی بنانا ہے۔

اپنے خطاب میں لیفٹنٹ گورنر نے یہ پروجیکٹ قلیل مدت میں مکمل کرنے کےلئے نادھرن کمانڈ، چنار کور، تمام افسروں، انجینئروں اور مقامی لوگوں کی ستائش کی ہے۔

انہوننے کہا کہ شوریہ گاتھا کمپلیکس ہمارے بہادر فوجیوں کی قربانی اور دلیری کو خراج عقیدت ادا کرنے کی نشانی ہے۔

لیفٹنٹ جنرل GOCلیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما، چنار کور کے GOCاس تقریب پر نادھرن کمانڈ کے بلبیر سنگھ، صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ کے علاوہ فوج و انتظامیہ کے کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

نشہ

جموںو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں اپنے عروج پر ہیں اور منشیات کے نیٹ ورک کو ختم کرنے میں انتظامیہ ، پولیس اور دیگر ایجنسیاں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کر رہے ہیں۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا بذات خود مختلف اضلاع میں جاکر پد یاتراؤں اور منشیات مخالف بیداری پروگراموں کی قیادت کر تے ہیں۔ نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کی شروعات انہوننے پچھلے مہینے کی11تاریخ کو جموں سے کی تھی اور اس کے تحت اب تک منشیات کے خلاف کا فی پیش رفت حاصل کی جا چکی ہے۔ایل جی منوج سنہا کا پیغام۔

حج

نے Residential Coaching Institute جموں کشمیر حج کمیٹی کے زیر اہتمام حج ہاوس امتحانات کی خاطر تیاری کرنے والے خواہشمند امیدواروں کی کوچنگ کے JKPSC اور UPSC لئے درخواستیں طلب کی ہیں ۔

اس بارے میں جے اینڈ کے سٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

جا وید ڈار

زراعت اور دیہی ترقی کے وزیرجاوید احمد ڈار نے کل ایک میٹنگ کے دوران وادی میں کام کر رہے ویٹرنری یونٹوں کی موجودہ صورتحال نیز محکمہ زراعت میں عملائی جا رہی مرکزی معاونت والی سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

وزیر موصوف کو جانکاری دی گئی کہ پشو پالن محکمے میں افرادی قوت کی قلت کو دور کرنے کےلئے ڈاکٹروں اور پیرا ویٹس کی خالی پڑی اسامیوں کو پُر کرنے کےلئے لوازمات پوری کی جا رہی ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جموںو کشمیر میں اندرونی واٹر ٹرانسپورٹ کے بنیادی ڈھانچے کو بڑھا وا دینے اور ایک فعال نقشہ راہ تیار کرنے سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں جموںو کشمیر کے تمام بڑے دریاؤں میں جدید طرز کا ایک دیر پا اور ماحولیات دوست واٹر ٹرانسپورٹ نظام وجود میں لانے کے حوالے سے سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا۔

چیف سیکریٹری نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ ان لینڈ واٹر ویز اتھارٹی آف انڈیا کے ساتھ تال میل رکھیں۔

سرینگرDC

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے کل لالبازار علاقے میں گورنمنٹ بائز مڈل سکول باغاتِ شور کا دورہ کر کے وہاں جا ری کاموں کا جائزہ لیا۔

انہوننے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ در دست لئے گئے کاموں کو جلد از جلد مکمل کریں تاکہ طلباءکو اعلیٰ معیار کی تدریسی سہولیات دستیاب ہوسکے۔

اننت ناگDC

اننت ناگ کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کل ایک میٹنگ کے دوران مشن یوا، HADP اور کئی دیگر مالی شمولیاتی سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں بتایا گیا کہ اب تک ضلعے میں46ہزار303مستحقین کو ان سکیموں کے دائرے میں لایا گیا ہے۔ ڈی سی موصوف نے تمام محکموں ، بینکوں اور عمل آوری ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ سکیموں کے دائرہ کار کو وسیع کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ ان سے استفادہ کر سکیں۔

**پلوامہDC**

پلوامہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بشارت قیوم نے کل ایک میٹنگ کے دوران نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت ضلعے میں منعقد ہونے والی بڑی پد یاترا اور اہم شخصیات کے دورے کے تناظر میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوںنے تمام محکموں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے تمام انتظامات مکمل کریں۔ انہوںنے سماج کے مختلف طبقوں سے اپیل کی کہ وہ اس پد یاترا میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

**شالین کابرا**

ایسٹیٹس محکمے کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شالین کابرا نے سیمپورہ سرینگر میں تعمیر کی گئی نئی ایسٹیٹس ہاوسنگ کالونی کا دورہ کرکے وہاں ملازمین کے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔

انہوںنے مختلف محکموں کے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ کالونی میں بجلی اور پانی کی بلا خلل سہولیات کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ مکینوں کے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

..............................................

..